Directorate of Communication & Extension
LIVESTOCK & DAIRY DEVELOPMENT PUNJAB
16-Cooper Road, Lahore.

Fax: 042-36367940
Phone: 042-99201120

بہ تسلیمات، ڈائریکٹر کمیونیکیشن اینڈ ایکسٹینشن لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ

فون نمبر: 042-99201120

ڈاکٹر آصف رفیق

ہینڈ آؤٹ نمبر 97

9211 سسٹم محکمانہ خدمات بارے جامع ترین ماڈل ہے: سیکرٹری لائیوسٹاک نوید حیدر شیرازی

لاہور 22 نومبر 2021: ورچوئل گورننس سسٹم 9211 ایک ایسا جامع نظام ہے جس کے تمام ماڈیولز محکمانہ سروس ڈیلیوری ماڈل کی بہترین انداز میں ترجمانی کرتے ہیں۔ یہ بات سیکرٹری لائیوسٹاک نوید حیدر شیرازی نے ایک اہم اجلاس کے دوران کہی۔ تفصیلات کے مطابق ورچوئل گورننس سسٹم 9211 بارے ایک اہم اجلاس محکمہ لائیوسٹاک میں منعقد ہوا جس کی صدارت سیکرٹری لائیوسٹاک نوید حیدر شیرازی نے کی۔ ڈائریکٹر پلاننگ ڈاکٹر محمد اشرف نے شرکاء کو ورچوئل سسٹم بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری لائیوسٹاک کا کہنا تھا کہ ورچوئل گورننس سسٹم تمام محکمانہ امور تک رسائی کو آسان بناتا ہے۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ ویکسین سپلائی چین مینجمنٹ سسٹم کی اپ گریڈیشن کو جلد از جلد مکمل کرنا ناگزیر ہے تاکہ جانوروں کی ویکسی نیشن اور علاج معالجے کی سہولیات میں بہتری لائی جا سکے۔ سیکرٹری لائیوسٹاک نے 9211 سسٹم بارے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے فیلڈ سٹاف کو انعامات دینے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری (ایڈمن) خضر حیات، ایڈیشنل سیکرٹری (پلاننگ) خالد محمود چوہدری، ایڈیشنل سیکرٹری (ٹیکنیکل) ڈاکٹر اقبال شاہد، ڈپٹی سیکرٹری (ٹیکنیکل) ڈاکٹر عثمان طاہر اور ڈائریکٹر کمیونی کیشن ڈاکٹر آصف رفیق نے بھی شرکت کی۔

سیکرٹری لائیوسٹاک نوید حیدر شیرازی ورچوئل گورننس سسٹم 9211 بارے اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے۔ایڈیشنل سیکرٹریز اور ڈائریکٹر پلاننگ بھی شریک ہیں۔